नीला आकाश

نیلا آکاش

اداکاران

یالا سنہا۔ دھرمیندر
محمود۔ شکیلا

قیمت دس نئے پیسے

تن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانے

نیلا آکاش فلم کے

گانا نمبر ۱

بڑے نادان ہو اُلجھے ہو تم

آ کر حسینوں سے

بنا سوچے لڑائی تم نے آنکھیں نازنینوں سے

ان آنکھوں سے نظر کا تیر

چل جاتا تو کیا ہوتا

جی چل جاتا تو کیا ہوتا

ذرا سوچو تمہارا دم نکل جاتا تو کیا ہوتا

نکل جاتا تو کیا ہوتا

اجی اب تم یہاں کیا کرنے آئے

ہوں بھلا کیا کرنے آئے

اجی کہہ دو کہ آہیں بھرنے آئے

ہائے کہہ آہیں بھرنے آئے

گھنی زلفوں کی چھاؤں میں بیچارے مرنے آئے

ہائے بیچارے مرنے آئے

نہ جانے کتنے دھوکے تم نے آنکھوں میں چھپائے ہیں

ستموں پر تم نے آکر تیر اُلفت کے چلائے ہیں

جو بھولے سے ہمارا ہاتھ چل جاتا تو کیا ہوتا

اگر ہے آپ کو جانا تو مٹر پاس ہے تھانا
ہم پہنچا دیں نام لکھا دیں جرم بتا دیں
جی پاس ہے تھانا وہیں ہے آپ کو جانا
اگر تم جلتے باتوں سے ہم تم کو اُڑا دیتے
اجی اپنی گلی کیا شہر سے تم کو بھگا دیتے
ہمارا دل شرارت پر مچل جاتا تو کیا ہوتا
ان آنکھوں سے نظر کا تیر چل جاتا تو کیا ہوتا
جھکی آنکھیں نگاہیں نیچی نیچی
ہاں نگاہیں نیچی نیچی
جی ہونٹوں پر ہنسی ہے پھیکی پھیکی
ہائے ہنسی پھیکی پھیکی
ہوئے ٹھنڈے سُنی باتیں جو ہم سے تیکھی تیکھی
ہمارے سامنے تم نے دل اپنے دُور سے پھینکے
نہ یہ سوچا کوئی مہندی لگے اِن شوخ قدموں سے
تمہارے دل کو یوں یوں یوں یوں
مسل جاتا تو کیا ہوتا
ان آنکھوں سے نظر کا تیر چل جاتا تو کیا ہوتا

گانا نمبر ۱۲۔ پیار وہ شے ہے اے میرے یارو
پیار وہ شے ہے اے دُنیا والو
جو دل میں بس جائے
اور نظر نہ آئے

جینا مشکل مرنا مشکل مشکل مشکل
دنیا میں دو ہی چیزیں ہیں
پیار ہے یا پھر پیسہ
پیار کے بدلے پیسہ دوں
ہیں کبھی نہ ہوگا ایسا
پیار تمہارے کام آئے گا پیسہ کام نہ آئے
جینا مشکل.....
ان آنکھوں سے اُن آنکھوں کو
ٹیلیگرام کئے ہیں
ایک نظر میں ہم نے اُن کو سو پیغام دیئے ہیں
آرڈنری بھی ایکسپریس بھی
سب پیغام سُنائے
جینا مشکل....
ڈاکٹروں سے ہم نے دل کا
ایکس رے کروایا
آپ کا چہرہ دل کے ہر اک
ٹکڑے میں مسکرایا
دل کے ٹکڑے جوڑ کے
اب ہم آپ سے ملنے آئے
جینا مشکل مرنا
مشکل مشکل مشکل

گانا نمبر ۳:۔ آپ کو پیار چھپانے کی بُری عادت ہے
آپ کو پیار جتانے کی بُری عادت ہے
آپ نے سیکھا ہے کیا
دِل کے لگانے کے سِوا
آپ کو آتا ہے کیا
ناز دِکھانے کے سِوا
اور ہمیں ناز اُٹھانے کی بُری عادت ہے
کِس لئے آپ نے شرما کے جھُکا لیں آنکھیں
اس لئے آپ سے گھبرا کے بچا لیں آنکھیں
آپ کو تیر چلانے کی بُری عادت ہے
ہو چکی دیر بس اب جائیے گا جائیے گا
بندہ پرور ذرا تھوڑا سا قریب آئیے گا
آپ کو پاس نہ آنے کی بُری عادت ہے

گانا نمبر ۴:۔ پریت بسی ہے میری نس نس میں
تن بھی یہ من بھی تمہارے بس میں
تو سے لاگی لگن
من مِتوا او من مِتوا
یُوں ہی سنگ تمہارے بیتے عمر یا ساری
جی چاہے البیلے، تیری کوئی بات نہ ٹالوں
پاس آ کے شرما کے
تو ہے اپنے من سے لپٹا لوں

تیرے نینوں کو جو میں نیناں یہ باری باری
جیون کی راہوں میں
میری تم نے تھام لی بئیاں
کیا بولوں ڈھئی پگلا
دِہی پیارا لاگے موراسیاں
جلنے کا ہے لاگوں لگلے کوئی اِتنی پیاری
گانا نمبر۵: تیرے پاس آکے میرا وقت گزر جاتا ہے
دو گھڑی کے لیئے غم جانے کدھر جاتا ہے
جب کبھی دور سے تو مجھکو نظر آتا ہے
پیار بن کر میری آنکھوں میں سنور جاتا ہے
جام اِتنے تیری مستی بھری آنکھوں سے پیئے
بیخودی میں تجھے سجدے میری نظروں نے کیئے
تیرے جلوے میں خدا مجھکو نظر آتا ہے
تیری یاد آتے گھبرا کے چلی جاتی ہوں
مَیں ہر ایک قید کو ٹھکرا کے چلی آتی ہوں
بن تیرے کہیں آئی تجھے پیار اِدھر لانا ہے
دو گھڑی کے لیئے غم....
گانا نمبر۶: آخری گیت محبت کا سُناؤں تو چلوں
میں چلا جاؤں گا دو اشک بہا لوں تو چلوں
آج وہ دن ہے کہ تو نے مجھے ٹھکرایا ہے
اپنا انجام ان آنکھوں کو نظر آیا ہے

وحشت دل میں ذرا ہوش میں آ لوں تو چلوں
آج میں غیر ہوں کچھ دن ہوئے میں غیر نہ تھا
میری چاہت میری الفت سے تجھے بیر نہ تھا
بن ہوں اب غیر بقیں دل کو ملا لوں تو چلوں
تیری دنیا سے میں اک روز چلا جاؤں گا
اور گئے وقت کی مانند نہیں آؤں گا
پھر نہ جانے کی قسم آج میں کھا لوں تو چلوں
میں چلا جاؤں گا دو اشک بہا لوں تو چلوں

گانا نمبر ۸

نہ آسماں نہ ستارے فریب دیتے ہیں
ہمیں تو اپنے سہارے فریب دیتے ہیں
بہار ہنستی ہوئی کیوں چمن میں آتی ہے
یہ چار دن کے لئے پھول کیوں کھلاتی ہے
نظر کو کیوں یہ نظارے فریب دیتے ہیں
لگی ہے آگ خود اپنے ہی آشیانے سے
وہ بدنصیب گلہ کیا کرے زمانے سے
کہ جس کو اپنے ہی پیارے فریب دیتے ہیں
ہمیں تو اپنے سہارے فریب دیتے ہیں

تمام شد

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہاں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اِس زبان کو جو نہیں جانتا اُسکو کافی پریشانی اُٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اِس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں۔ تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اِس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر اُستاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے

قیمت صرف ۱۰/- ۵/- محصولڈاک معاف

اردو ہندی ٹیچر

آجکل اردو اور انگریزی کے ساتھ ساتھ ہندی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اِس لیے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھانے والی کتاب منگائیں۔ اِس کتاب کی مدد سے بھی بغیر اُستاد کے ہر مرد و عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا سیکھ سکتا ہے۔

قیمت صرف ۸/۔ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی